HM Government

NHS

آپ ہسپتال سے رخصت ہو رہے ہیں: گھر واپسی

اس لیفلٹ میں وضاحت کی گئی ہے کہ آپ ہسپتال سے کیوں رخصت ہو رہے ہیں اور رخصتی کے بعد آپ کیا توقع کرسکتے ہیں۔

میں کیا توقع کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم آپ (اگر آپ چاہیں تو آپ کے کیئررز، اہلخانہ اور/یا دوستوں) کے ساتھ ٹرانسپورٹ اور دیگر انتظامات کے بارے میں بات چیت کرے گی۔ اگر آپ کو کورونا وائرس ہے تو آپ کو متعلقہ مشورہ دیا جائے گا۔

اگر اب آپ کو اُس وقت کی نسبت زیادہ کیئر اور سپورٹ کی ضرورت ہو جب آپ ہسپتال آئے تھے تو آپ کی کیئر کرنے والی ٹیم اُن آپشنز پر بات چیت کرے گی کہ آپ ڈسچارج ہونے کے بعد آپ کو درکار کیئر اور سپورٹ کیسے حاصل کریں گے۔ ٹیم اِس بارے میں بات چیت کرے گی کہ کب آپ کو کسی طویل مدتی کیئر اور سپورٹ کی فراہمی کے لیے اسیس کیا جانا چاہیے۔ اگر ضرورت پڑی تو ہوسکتا ہے کہ آپ کو اپنے کیئر اور سپورٹ پر اٹھنے والے اخراجات میں کچھ حصہ ڈالنا پڑے۔

میں کس کے ساتھ رابطہ کرسکتا/سکتی ہوں؟

ہسپتال سے رخصت ہونے کے بعد، اگر آپ کو کسی سے بات کرنے کی ضرورت درپیش ہو، تو براہ مہربانی رابطہ کیجئے:

میں ہسپتال سے کیوں رخصت ہو رہا ہوں؟

آپ کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم نے اِس بات پر اتفاق کیا ہے کہ آپ کو اب مزید ہسپتال میں علاج کروانے کی ضرورت نہیں ہے اور اپنی بحالی کے عمل کو جاری رکھنے کے لئے گھر واپس چلے جانا آپ کے لیے محفوظ ہے۔

میں ہسپتال میں کیوں نہیں رہ سکتا/سکتی؟

جب آپ کو ہسپتال میں مزید علاج کروانے کی ضرورت نہ ہو تو ہسپتال سے باہر اپنی بحالی کا عمل جاری رکھنا بہتر ہے۔ ضرورت سے زیادہ وقت کے لیے ہسپتال میں قیام آپ کی خودمختاری کو کم کر سکتا ہے، آپ کے پٹھوں کی کمزوری پر منتیج ہو سکتا ہے یا آپ کو انفیکشن ہونے کا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ جب آپ تیار ہوں تو ہسپتال سے رخصت ہونا نہ صرف آپ کے لے بہترین ہے بلکہ اِس سے کسی ایسے فرد کے لیے بستر خالی ہو سکتا ہے جو بہت زیادہ بیمار ہو۔

ہم جس چیز کو سب سے زیادہ ترجیح دیتے ہیں وہ اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ آپ بہتر سے بہتر بحالی کے لیے مناسب وقت پر صحیح جگہ پر موجود ہوں۔ فی الحال آپ کے لیے سب سے مناسب جگہ گھر ہے جہاں آپ مانوس ماحول میں بحالی کا عمل جاری رکھ سکتے ہیں۔